# سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ 2001
# SINDH ORDINANCE NO.IV OF 2001
## سندھ یونیورسٹی اور بورڈز کے امتحانات میں (بدعنوانیاں ختم کرنے) کا آرڈیننس، 2000
## THE SINDH UNIVERSITY AND BOARDS EXAMINATION (ERADICATION OF MALPRACTICE) ORDINANCE, 2000
## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

2. تعریف
Definitions

3. بدعنوانی کی سزا
Punishment for malpractice

4. جرائم کی شکایت
Complaint of offences

5. غیر مطبوعہ ریکارڈ مراعات یافتہ دستاویز ہونگے
Un-published record to be privileged documents



# سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ 2001
# SINDH ORDINANCE NO.IV OF 2001
## سندھ یونیورسٹی اور بورڈز کے امتحانات میں (بدعنوانیاں ختم کرنے) کا آرڈیننس، 2000

# THE SINDH UNIVERSITY AND BOARDS EXAMINATION (ERADICATION OF MALPRACTICE) ORDINANCE, 2000

# (CONTENTS) فہرست

[3 جنوری 2001]

(Preamble) تمہید

آرڈیننس جس کے ریعے صوبے میں یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے کرائے گئے امتحانات میں ہوئے والی بدعنوانیوں کو ختم کیا جائے گا؛

جیسا کہ صوبے میں یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے کرائے گئے امتحانات میں ہونے والی بدعوانیوں کو ختم کرنا ضروری ہوگیا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطئمن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے۔

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووِیزنل کانسٹیٹوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ فرماتا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ یونیورسٹی اور بورڈز کے امتحانات میں (بدعنوانیوں کو ختم کرنے) کا آرڈیننس، 2000 کہا جائے گا۔

(2) اس کی پورے سندھ میں توثیق کی جائے گی۔

(3)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

2. اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) ‘‘اکسانے’’ کو وہی معنیٰ حاصل ہوگی، جو اس کو پاکستان پینل کوڈ 1860 (1860 کے ایکٹ XIV) میں دی گئی ہے؛

(b) ‘‘جوابی کاپی’’ سے مراد وہ دستاویز جس میں جواب شامل ہوں یا جواب جیسا کہ امیدوار کی طرف سے امتحان کے دوراں سوالات کے پرچے میں شامل سوال یا سوالں کے جواب دیئے گئے ہوں۔ مذکورہ امتحان کے لئے اور جس میں شامل ہے جوابی کاپی کا ایک حصہ۔

(c) ’’بورڈ‘‘ سے مراد ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ اور جس میں شامل ہے قانون کے مطابق قائم کیا گیا فنی تعلیمی بورڈ۔

(d) ’’امیدوار‘‘ سے مراد وہ فرد جس نے کسی امتحان میں داخلہ کے لئے درخواست کرنے ہو یا کسی امتحان میں بیٹھا ہو۔

(e) ’’مرکز‘‘ سے مراد وہ جگہ جسے یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے امتحان منعقد کرنے لئے مخصوص کیا گیا ہو یا جوابی کاپی جمع کرنے کے لئے مخصوص کیا گیا ہو، جیسا بھی معاملہ ہو؛

(f) ’’ملازم‘‘سے مراد کوئی شخص جسے یونیورسٹی یا بورڈ میں مستقل بنیاد پریا عارضی طور پر یا کانٹریکٹ بنیادوں پر مفت میں معاوضے کے عیوض ملازمت کرنا ہو؛

بدعنوانی کی سزا
Punishment for malpractice

(g) ’’امتحان‘‘ سے مراد ایک طریقہ جسے یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے ایک امیدوار کو سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ یا ڈگری دینے کے لئے جیسا معاملہ ہو، امتحان کے مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے۔

(h) ’’ممتحن‘‘سے مراد ایک شخص جسے یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے امتحان لینے کے مقاصد کے لئے مقرر کیا گیا ہو یا امیداوار کو جوابی کاپی دینے کے لئے یا اپنی صلاحیت کے ذریعے تحریری یا زبانی امتحان لینے کے لئے اور اس سلسلے میں مارکس دینا بھی اس میں شامل ہے ایسا

شخص جو ممتحن کے مارکس دینے کے معیار کو چیک کرے۔
(i"وقت سے پہلے ایک سوال یا سوالنامے کا ظاہر ہونا"
سے مراد ایک سوال یا سوالنامے میں شامل سولات میں سے کوئی بھی سوال وقت سے پہلے، جس وقت پر سوال یا سوالنامہ امیدوار کو ملنا تھا، بیان کئے گئے طریقہ کار کے مطابق اس سے پہلے ظاہر ہوجائے۔
(j) "سوالنامہ" سے مراد ایک دستاویز جس میں سوال ہو یا امتحان میں امیدوار کی طرف سے جواب دینے کے لئے سوال شامل کئے گئے ہوں؛
(k) "نظرداری کرنے والا عملہ"سے مراد وہ عملہ جو امتحان منعقد کرنے کے سلسلے میں یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے مقرر کیا جائے، جیسا معاملہ ہو؛
(l) "یونیورسٹی" سے مراد قانون کے مطابق قائم کی گئی یونیورسٹی۔
3.جو مجرم ہے:
(i) وقت سے پہلے سوال یا سوالنامے کا ظاہر ہونا یا اس سلسلے میں متعلقہ کوئی خاطر خواہ معلومات پر ایسا سوال یا سوالنامہ تحریری یا زبانی امتحان میں پیش ہونا ہے؛
(ii) داخلہ کے فارم میں غلط بیانی کرنا یا امتحان سے متعلقہ کسی دستاویز میں غلط بیانی کرنا؛
(iii) سوالنامے کے کسی حصے کو حل کرنے یا مدد حاصل کرنے یا کسی دوسرے امیدوار کو اپنی جوابی کاپی میں نقل کرنے کے اجازت دینا یا خود ایسا کرنا؛
(iv) امیدوار کو مقررہ وقت کے بعد سوال یا سوالنامے حل کرنے کی اجازت دینا؛
(v) پوری جوابی کاپی یا اس کا کوئی حصہ کسی امتحانی مرکز سے غیر قانونی طور پر باہر لے جانا؛
(vi) جوابی کاپی یا اس کا کوئی حصہ تبدیل کرنا؛
(vii) بدنیتی کے مقصد سے امیدار کو زیادہ یا کم مارکس دینا، جیسے کہ ایسا کرنے والا شخص ممتحن

ہو؛

(viii) بدنیتی کے مقصد سے کسی دستاویز میں ممتحن کی طرف سے دیئے گئے مارکس کو بڑھانے یا گھٹانے میں کوئی شخص جو ممتحن کے علاوہ ہو؛

جرائم کی شکایت
Complaint of offences

(ix) امیدوار کو امتحان کے دوران سوالنامے میں موجود کسی سوال کا جواب مہیا کرنا یا امتحان میں طئے کئے گئے سوال کا جواب فراہم کرنا؛

(x) کسی سرٹیفکیٹ یا ٹیبولیشن، رجسٹر یا کسی دوسری دستاویز یا یونی ورسٹی یا بورڈ کی طرف سے سنبھالے ہوئے ریکارڈ میں سے کچھ کو کاٹ دینا، تبدیل کرنا، کچھ تبدیلیاں کرنا یا مٹا دیتا یا ایسا سرٹیفکیٹ، دستاویز یا رکارڈ دانستہ طور پر کاٹا گیا ، تبدیل کیا گیا، مٹایا گیا یا حذف کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود بھی ایسا سرٹیفکیٹ یا دستاویز استعمال کیا جائے؛

غیر مطبوعہ ریکارڈ مراعات یافتہ دستاویز ہونگے
Un-published record to be privileged documents

(xi) امتحانی کاغذات، جوابی کاپی، ممتحن، امتحان منعقد کرنا، فرضی رول نمبر، امتحانی نتائج یا کوئی متعلقہ معلومات شائع کرنا یا فراہم کرنا؛

(xii) کسی سبب کی وجہ سے سرکاری امتحانی نتائج کے غلط ہونے پر بشمول جوابی کاپیوں کی تبدیلی، حذف کرنا یا مٹانا یا یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے سنبھالے گئے ریکارڈ کو غلط کرنا؛

(xiii) امتحانات کی ترقی، یا امتحانی مرکز میں امتحانی کاپیوں کو تقسیم کرنے میں کسی قسم کی رکاوٹ ڈالنا؛

(xiv) کسی امتحانی مرکز کے انچارج، کسی شخص پر حملہ کرنا یا دھمکیاں دینا یا امتحان کے سلسلے میں ملازمت پر رکھے گئے کسی دوسرے شخص، امتحان سے متعلقہ اور امتحان کے سلسلے میں کوئی فائدہ لینا؛

(xv) کسی امتحان، امتحانی نتائج ظاہر کرنے یا پیپرز کے مارکس دینے، امتحانات سے متعلقہ کوئی پوشیدہ معلومات حاصل کرنے کے لئے کسی ملازم کو

بدعنوانی کے ذریعے یا بے ایمانی کرنے کے لئے ذرائع استعمال کرنا یا اثرانداز ہونا؛
(xvi) بیان کئے گئے طریقہ کار کے الٹ امتحانات کے لئے سپروائزری اسٹاف کی مقرری کرنا یا مقرری لینا؛
(xvii) اصل امتحان کے امیدار کی جگہ پر امتحان میں بیٹھنا؛
(xviii) کسی پوشیدہ مقصد کے لئے یونیورسٹی یا بورڈ کی طرف سے الاٹ کئے گئے مرکز پر امتحان لینا؛
(xix) مذکورہ بالا اقدامات میں کوئی بھی کرنے کی کوشش کرنے یا اکسانے پر قید کی سزا دی جائے گی، جو تین سالوں تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو ایک سو سے ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ بشرطیکہ جہاں جرم کرنے والا امیدار ہے اسے قید کی سزا دی جائے گی جو ایک سال سے زائد نہ ہوگی یا جرمانہ جو پچاس ہزار روپے سے زیادہ نہ ہوگا یا دونوں ساتھ۔

4. اس آرڈیننس کے تحت کوئی بھی جرم پولیس کے دائرہ اختیار میں ہوگا، اگر یونیورسٹی کے رجسٹرار کی طرف سے جرم سے متعلقہ کسی معاملے کے سلسلے میں رپورٹ کی جائے یا ایسے کسی دوسری یونیورسٹی کے عملدار کی طرف سے جو اس سلسلے میں تحریر میں خاص طور پر بااختیار بنایا گیا ہو اور کسی جرم سے منسلک معاملے کے سلسلے میں یا بورڈ کے سلسلے میں بورڈ کے چیئرمین کی طرف سے یا ایسے دوسرے بورڈ کے عملدار کی طرف سے جو اس سلسلے میں یا بورڈ کے سلسلے میں بورڈ کے چیئرمین کی طرف سے یا ایسے کسی دوسرے بورڈ کے عملدار کی طرف جو اس سلسلے میں خاص طور پر تحریر میں ایسے ضمانت لاگو جرم کے سلسلے میں بااختیار بنایا گیا ہو۔

5.کوئی بھی ملازم یونیورسٹی یا بورڈ کے غیر شائع

شدہ ریکارڈز سے متعلقہ کسی حقیقت کے بارے میں کوئی بھی گواہی نہیں دے گا یا ایسی یونیورسٹی یا بورڈ سے متعلقہ معاملات کی کوئی دستاویز پیش نہیں کرے گا سوائے یونیورسٹی کے ریکارڈز کے سلسلے میں وائس چانسلر یا رجسٹرار یا چیئرمین کی پیشگی تحریری میں منظوری کے، جیسا معاملہ ہو، اپنی صوابدید کے مطابق اجازت دے سکتا ہے یا روک سکتا ہے۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا**